سوال

(172)اوپر مسجدنیچے دوکانیں بناکر کرایہ پر دینا جائز ہے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ مسجد کےنیچے دکانیں اس کے مصارف کےلیے بنوانا کیسا ہے، اوراس میں نماز کا کیا حکم ہے، کیونکہ مسجد کا خرچ بغیر آمد کے بعض جگہ چلنا دشوار ہے، اس مسئلہ کومدلل کتب معتبرہ فقہ سے ارقام فرمادیں؟ بینوا توجروا

درصورت موقومہ معلوم کرنا چاہیے، کہ مسجد کےنیچے یا اس کے اوپر دکان بلاوقف اپنے منافع کے واسطے بنائی، تووہ مسجد حکم میں مسجد کے نہیں ہے، کیوں کہ زیر وبالا اس کا خالص واسطے اللہ تعالیٰ کے نہ ہوا، اور جو وقف کیا دکان زیر وبالا کو مصالح مسجد، اور خرچ مرمت مسجد کے واسطے تووہ مسجد حکم مسجد شرعی میں ہوگی، کیوں کہ اس میں سے حق تصرف ومنافع عباد کا زائل ہوگیا، اوروہ مسجد خالص واسطے اللہ تعالیٰ کے قرارپائی، ایسا ہی کتب معتبرہ فقہ سے واضح ہوتا ہے۔

"قولہ ومن جعل مسجدا تحتہ سرداب وھو بیت یتخذ تحت الأرض لغرض تبرد الماء وغیرہ أو قوۃ یتالیس واحدا منھما للمسجد فلیس بمسجد ولہ بیعہ ویورث عنہ إذامات بخلاف ما إذا کان السرداب اوالعلو موقوفا المصالح المسجد فإنہ یجوز إذ لا ملک فیہ لاحد بل ھو من تتمیم مصالح المسجد کسرداب مسجد بیت المقدس ھذا ھو ظاہر الذہب۔ ھذا خلاصۃ ما فی الھدایۃ فتح القدیر وغیرھما واللہ تعالیٰ أعلم بالصواب"

(سید محمد نذیر حسین (فتاویٰ نذیریہ جلد نمبر ا ص ۲۳۴)

[فتاویٰ علمائے حدیث]

جلد09ص